8954-لباس پر بچوں کی تصاویر پرنٹ کرنا

سوال

ایک سپر مارکیٹ کے مالک نے عملی طور پر لباس وغیرہ پر بچوں کی تصاویر پرنٹ کر کے لوگوں کو فروخت کرنا شروع کر دیا ہے اس کا حکم کیا ہے ؟

پسندیدہ جواب

یہ عمل جائز نہیں، کیونکہ اس میں ذی روح کی تصاویر قمیصوں پر پرنٹ کی گئی ہے اور یہ قمیص اور شرٹ بچے زیب تن کرینگے، تو اس طرح تصویر پہننے والے کے سینہ پر ظاہر اور واضح ہوگی، اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان تو یہ ہے :

"اللہ تعالی مصوروں پر لعنت فرمائے"

اور ایک حدیث میں فرمایا :

"ہر مصور آگ میں ہے"

اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بیوی عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا بیان کرتی ہیں کہ :

انہوں نے ایک چٹائی خریدی جس میں تصاویر تھیں، اور جب رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے دیکھا تو دروازے پر ہی کھڑے ہو گئے اور اندر داخل نہ ہوئے، عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا بیان کرتی ہیں کہ میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرے سے ناگواری پہچان لی تو میں نے عرض کیا :

اے اللہ تعالی کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم میں اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے توبہ کرتی ہوں، میں نے کیا گناہ کیا ہے ؟

تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم فرمانے لگے :

"یہ چٹائی کیسی ہے ؟ میں نے عرض کیا میں نے یہ اس لیے خریدی ہے کہ آپ اس پر بیٹھیں اور اس کے ساتھ ٹیک لگائیں تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

ان تصویروں والوں کو روز قیامت عذاب دیا جائیگا اور ان سے کہا جائیگا : جو تم نے بنایا تھا اسے زندہ کرو، اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

"جس گھر میں فرشتے ہوں وہاں فرشتے داخل نہیں ہوتے"

صحیح بخاری حدیث نمبر (2105).

اور یہ ان سب تصاویر کو شامل ہے جو پرنٹ کردہ ہوں، یا پھر ہاتھ سے بنائی گئی ہوں، یا کسی چیز پر کرید کر بنائی گئی ہوں، یا کیمرہ کے ساتھ بنائی ہوں، کیونکہ ہر تصویر حدیث کے عموم میں شامل ہوتی ہے، اور اس سے مستثنی وہی ہو سکتی ہے جس کی اشد ضرورت و حاجت ہو، مثلا شناختی کارڈ اور پاسپورٹ کے لیے جس کے بغیر کوئی چارہ نہیں.

اور آپ نے جو حالت سوال میں بیان کی ہے وہ اس استثنی میں داخل نہیں ہوتی، اس لیے آپ کوئی اور حلال کام تلاش کریں، اللہ تعالی سے ہماری دعا ہے کہ وہ ہمیں اپنی حلال کردہ اشیاء کے ساتھ حرام سے کافی ہوجائے، اور ہمیں اپنے فضل وکرم کے ساتھ اس حلال کے علاوہ باقی سب کچھ سے غنی وبے پرواہ کردے.

اللہ تعالی ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم اوران کی آل اور صحابہ کرام پر اپنی رحمتیں نازل فرمائے.

تصویر کے احکام کے متعلق مزید تفصیلات دیکھنے کے لیے آپ سوال نمبر (3243) اور (1747) کے جوابات کا مطالعہ ضرور کریں.

واللہ اعلم.